SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

**PRESS RELEASE**

For immediate release

February 12, 2021

# ایس ای سی پی نے پنشن فنڈ میں سرمایہ کاری کے لئے ڈیجٹل آن بورڈنگ کے نظام کو مربوط کردیا۔

اسلام آباد، فروری 12: سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) نے کیپٹل مارکیٹ میں سرمایہ کاروں کے دائرہ کار کو وسیع کرنے کے اقدامات کے تسلسل کے تحت پرائیویٹ پنشن فنڈز کو سہولیات کی فراہمی کے لیے ڈیجیٹل آن بورڈنگ میکانزم کے نظام کو مربوط کیا ہے۔ اس اقدام کے تحت پنشن فنڈ مینیجر اب رضاکارانہ پنشن سسٹم (VPS) کے تحت نجی پنشن فنڈز میں سرمایہ کاری کے خواہشمند افراد کو اسٹاک مارکیٹ اور میوچل فنڈز میں سرمایہ کاروں کو پیش کردہ طریقہ کار کے تحت ڈیجیٹل اکاؤنٹ کھولنے کی خدمات پیش کر سکتے ہیں۔

ڈیجیٹلائزیشن کے ذریعہ نئے سرمایہ کاروں کے اندراج کے عمل کو نمایاں طور پر آسان بناتے ہوئے سرمایہ کاروں کی ذاتی حیثیت میں موجودگی اور دستاویزات پیش کرنے کی ضرورت کو ختم کردیا گیا ہے۔ مزید برآں اس عمل سے پنشن فنڈ مینیجرز ورچوئل پلیٹ فارمز (واٹس ایپ۔ اسکائپ، وغیرہ) کے ذریعے آن لائن سرمایہ کاروں کی توثیق بھی کعر سکتا ہے۔

ایس ای سی پی کے حالیہ اقدام سے پاکستان میں نجی پنشن فنڈز، غیر بینک مالیاتی شعبے، اور کیپٹل مارکیٹ کے فروغ اور ترقی کی جانب اہم پیش قدمی ہے

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Tel: 051-9214005